© rasailojaraid.com

تبصرے

فارقلیط از جناب عبدالعزیز صاحب خالد تقطیع متوسط ضخامت ۲۹۵ صفحات ٹائپ جلی اور روشن کاغذ اعلیٰ قیمت مجلد آٹھ روپیہ پتہ :- ایوان پبلشرز نمبر ۴ - فیض محمد فتح علی روڈ پاکستان چوک - کراچی -

لائق مصنف پاکستان کے نوجوان شاعر ہیں - لیکن عمقِ فکر، ندرتِ بیان اور وسعتِ مطالعہ کے باعث انھوں نے بہت جلد اردو زبان کے صاحبِ طرز شعراء کی صفِ اول میں ایک نمایاں مرتبہ و مقام حاصل کر لیا اور ان کی تخلیقات کے جو متعدد مجموعے شائع ہو چکے ہیں انھوں نے مشاہیر اربابِ شعر و ادب کو ان کی طرف متوجہ کر دیا ہے زیرِ تبصرہ کتاب موصوف کی ایک ہزار تین سو چودہ اسی اشعار کی ایک طویل نظم ہے جس میں حمدِ باری کے ساتھ ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے قبل دنیا کے حالات، آپ کی نسبت کتبِ قدیمہ الٰہیہ میں بشارتیں اور پیشگوئیاں - پھر آپ کی ولادتِ باسعادت - آپ کی شانِ رحمۃ للعالمینی فیوض و برکات - تعلیمات اور دنیا پر اُس کے اثرات ان تمام چیزوں کو اس عجیب و غریب انداز سے بیان کیا ہے کہ ایک طرف تو زبان اس درجہ کیف آور اور اسلوب بیان اس قدر ولولہ انگیز ہے کہ کوئی صاحبِ دل بغیر چشمِ نم کے اسے پڑھ ہی نہیں سکتا اور دوسری جانب اس میں تلمیحات (جن کی تشریحات مع حوالوں کے کتاب کے آخر میں ۵۰ صفحات کے اندر ہیں) جگہ جگہ اس کثرت سے ہیں کہ نظم اچھی خاصی سیرت کی ایک معلومات افزا کتاب بن گئی ہے اور کوئی شبہ نہیں کہ ان دوگونہ خصوصیات اور علمی ادبی اور فنی خوبیوں کے باعث یہ نظم اردو شاعری کے نعتیہ لٹریچر میں ایک عظیم شاہکار کی حیثیت رکھتی اور اپنی مثال آپ ہے - اس نظم سے اندازہ ہوتا ہے کہ نوجوان مصنف صرف شاعرِ نغز گو نہیں - بلکہ عربی، انگریزی،

© rasailojaraid.com